نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

3 مئی 2010ء

برائے فوری اجراء

260/2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

جنرل پیٹریاس کا دورۂ پاکستان

اسلام آباد (3 مئی 2010ء) ___ امریکی سینٹرل کمانڈ کے سربراہ جنرل ڈیوڈ پیٹریاس نے پاکستان کی عسکری قیادت سے مشاورت کے لئے 2 سے 3 مئی تک پاکستان کا دورہ کیا۔

پاکستان میں اپنے قیام کے دوران جنرل پیٹریاس نے چیف آف آرمی اسٹاف جنرل اشفاق پرویز کیانی، گیارہویں کور کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل آصف یاسین سے ملاقاتیں کیں، اور شورش پسندی کے خاتمے کے لئے لہڑی ٹریننگ رینج میں جاری پاک فوج کی مشقوں کا بھی مشاہدہ کیا۔

اپنی ملاقاتوں میں جنرل پیٹریاس نے پاکستانی قیادت کو افغانستان میں انتہاپسندی کے خلاف جنگ میں پیش قدمی کے بارے میں بریفنگ دی۔ اُنہوں نے پاک فوج کی حمایت جاری رکھنے کا وعدہ کیا جو پاکستان میں متشدد انتہاپسندوں سے نبرد آزما ہے اور اُنہوں نے امید ظاہر کی کہ پاکستان کی مسلح افواج کی بھرپور پیش قدمی آنے والے مہینوں میں پاکستان اور افغانستان دونوں ممالک کی صورت حال میں بہت بہتری لائے گی۔

جنرل پیٹریاس نے متشدد انتہاپسندوں کا مقابلہ کرنے کے لئے پاکستان کی کوششوں کو سراہا اور امن واستحکام کی بحالی کے لئے اس ملک کی طرف سے دی جانے والی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ اُنہوں نے پاکستان کے ساتھ امریکہ کی دیرپا وابستگی پر زور دیا اور جنوبی ایشیا کے خطہ کو پُرامن اور محفوظ بنانے کے مشترکہ نصب العین کے حصول کے سلسلہ میں پاکستان کے قائدانہ کردار کی تعریف کی۔

جنرل پیٹریاس افغانستان کے لئے موجودہ امریکی حکمت عملی اور دیگر علاقائی سلامتی امور پر پاکستانی رہنماؤں سے صلاح ومشورہ کے لئے گزشتہ سال کے دوران چھ مرتبہ پاکستان کا دورہ کر چکے ہیں۔

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں اطلاعات کیلئے ہماری ویب سائٹ

http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2082000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلفٹن زلین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11-اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5268800